ظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلی سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس کے دوران صوبہ پنجاب میں پیاز اور ٹماٹر کی کاشت اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے لیے مختلف تجاویز اور لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا

پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی اجلاس میں شرکت

لاہور:14 ستمبر 2024: وزیر اعلی مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق حکومت پنجاب صوبہ میں پیاز اور ٹماٹر کی کاشت و فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ اور کسانوں کی آمدن بڑھانے کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ حکومت نے اس مقصد کے حصول کے لئے 3 ارب روپے کی مالیت سے ایک پلائیٹ پراجیکٹ شروع کیا ہے جس کے تحت پیاز کی کاشت کے لیے لودھراں، ملتان اور وہاڑی کے اضلاع میں 9 ہزار ایکڑ رقبہ پر جبکہ ٹماٹر کی کاشت کے لیے خوشاب، قصور اور شیخوپورہ کے اضلاع میں 35 سو ایکڑ رقبہ پر 450 کسانوں کے 33 فارمر انٹرپریز گروپ بنائے جائیں گے تاکہ سال کے تمام ایام میں صارفین کو سستی اور معیاری سبزیوں کی دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔

صوبائی وزیر زراعت ولائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیاز اور ٹماٹر کی کاشت میں اضافہ اور بہتر پیداوار کے لیے 12 سے 15 کسانوں پر مشتمل فارمر کا ایک گروپ کلسٹر تشکیل دیا جائے گا، فارمر انٹرپریز کے اس گروپ میں ہر ایک فارمر کی زمین کا رقبہ 25 ایکڑ سے کم ہو گا اور یہ مطلوبہ اہداف کے حصول کے لئے مل کر کام کریں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ فارمر فیلڈ سکول کے ذریعے کسانوں کی کیپسٹی بلڈنگ کی جائے گی جبکہ کوالٹی میں بہتری، کلائمیٹ سمارٹ ایگریکلچر پریکٹسز، ریجینریٹو ایگریکلچر اور پوسٹ ہارویسٹ پریکٹسز کے ذریعے فارمر انٹرپریز گروپ کی ٹیکنیکل ٹریننگ کا انتظام بھی کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت ویلیو ایڈیشن اور ویلیو چین کے ذریعے کموڈیٹی کی بین الاقوامی مارکیٹ تک رسائی کو ممکن بنانا چاہتی ہے۔ صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ پراجیکٹ کو کامیاب بنانے کے لیے فارمر گروپس کا ویلیو ایڈڈ انڈسٹری اور مقامی بزنس مین وانوسٹرز کا انٹرنیشنل مارکیٹ سے لنک ہونا وقت کا اہم تقاضا

ہے۔انھوں نے کہا کہ اس پراجیکٹ کے لیے ورلڈ بنک نے فنڈنگ کی ہے۔ورلڈ بنک پیاز اور ٹماٹر کے سیڈ، نرسری پلانٹس، مشینری وزرعی آلات اور کولڈ سٹوریج کے لیے مالی سپورٹ فراہم کرے گا۔

قبل ازیں ورلڈ بنک کے کنسلٹنٹ کاشف نے پراجیکٹ کے اہم خدوخال پر تفصیلی بریفنگ دی۔اجلاس میں کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی،ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید،ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی ملک محمد اکرم،ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں اورڈائریکٹر جنرل پامر اطارق بسرا سمیت دیگر افسران بھی شریک ہوئے۔

☆☆☆☆